**BACKGROUNDERS**
Press Information Bureau
Government of India

# وکست بھارت بلڈاتھون-2025

## اسکول کی سطح کے اختراع کاروں کے لئے ملک گیر ایونٹ

## ملک گیر اسکول سطح کے اختراعی پروگرام

### اہم نکات

- ہندوستان کا سب سے بڑا اسکول ہیکاتھون جس میں 1 کروڑ اسٹوڈنٹس (کلاس 6-12) سودیسی، آتم نربھر بھارت، ووکل فار لوکل اور سمردھ بھارت جیسے موضوعات پر پروٹوٹائپس بنانے کے لئے شامل ہوں گے۔
- 13 اکتوبر 2025 کو ملک بھر میں لائیو ایونٹ: لائیو اسٹریمنگ کے ذریعہ تمام اسکولوں میں ملک بھر ہیں سنکرونائزڈ لائیو بلڈاتھون
- انعام کی رقم ایک کروڑ روپے ہے جس میں 10 قومی سطح کے فاتحین، 100 ریاستی سطح کے فاتحین اور 1000 ضلع سطح کے فاتحین شامل ہوں گے۔

### تعارف

وکست بھارت بلڈاتھون-2025 ایک ملک گیر اختراعی تحریک ہے جس کا اہتمام محکمہ اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی (ڈی او ایس ای ایل)، وزارت تعلیم نے اٹل انوویشن مشن، نیتی آیوگ کے تعاون سے کیا ہے۔




اب تک کے اس سب سے بڑے اسکول ہیکاتھون کا مقصد طلباء کو چار موضوعات پر آئیڈیا یا پروٹوٹائپ بنانے کی ترغیب دے کر اسکول کی سطح پر اختراعی ثقافت کو مضبوط کرنا ہے: آتم نربھر بھارت، سودیسی، مقامی کے لیے آواز، اور سمردھ بھارت۔ بلڈاتھون کا مقصد ہمارے نوجوانوں میں اختراع، تخلیقی صلاحیتوں اور مسائل کے حل کو فروغ دینا ہے تاکہ وہ ایک خوشحال، ترقی یافتہ اور خودانحصار ہندوستان کے کلیدی محرک بن سکیں۔




بلڈاتھون قومی تعلیمی پالیسی (این ای پی)-2020 کے مطابق تجرباتی تعلیم فراہم کرے گی۔ اس میں شرکت کے خواہش مند اضلاع، قبائلی اور دوردراز علاقوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

## بلڈاتھون-2025 ٹائم لائن




- **23 ستمبر-2025:** وزیر تعلیم، جناب دھرمیندر پردھان کے ذریعہ وِکست بھارت بلڈاتھون کا آغاز
- **23 ستمبر-11 اکتوبر:** پورٹل پر اپوئنٹ کے لیے رجسٹریشن
- **11 اکتوبر-12 اکتوبر:** تیاری کی سرگرمیاں ب جس میں ٹیم کی تشکیل، رجسٹریشن، رہنمائی، غور وخوض کے سیشنز، آئیڈیا کیمپس اور اختراعی حلقوں کا انعقاد تاکہ طلباء کی تیاری، تھیمز کا انتخاب اور حل تیار کرنے میں مدد ملے
- **13 اکتوبر:** تمام اسکولوں میں لائیو اسٹریمنگ کے ذریعے ملک بھر میں ہم آہنگ لائیو بلڈاتھون
- **13 اکتوبر-31 اکتوبر:** پورٹل پر اسکولوں کے ذریعے اندراجات جمع کرانا
- **یکم نومبر-31 دسمبر:** ماہرین کے پینل کے ذریعے اندراجات کا جائزہ
- **جنوری 2026:** بہترین ٹیموں کا اعلان اور اعزاز و اکرام

## کلیدی خصوصیات

- **ڈیڈیکیٹڈ پورٹل:** رجسٹریشن اور حتمی اندراجات جمع کرانے کے لیے ایک قومی پورٹل ہے (آئیڈیاز یا پروٹوٹائپس)
- **شرکت کا طریقہ:** 3-5 طلباء کی ایک ٹیم بلڈاتھون میں شرکت کرے گی اور ویڈیوز کی شکل میں اندراجات (آئیڈیاز/پروٹوٹائپ) جمع کرائے گی۔ اسکول کی ٹیموں کی تعداد کی کوئی حد نہیں ہوگی۔
- **مینٹرشپ سپورٹ:** انکیوبیشن سینٹرز، مینٹر آف چینج نیٹ ورک، ہائر ایجوکیشن انسٹی ٹیوشنز اور کارپوریٹس کے رضاکاروں اور سرپرستوں کی جانب سے اسکول کی سطح پر طلباء کو اپنے پروجیکٹس بنانے میں مدد کے لیے وقف تعاون فراہم کیا جائے گا۔

- **نیشنل لائیو ایونٹ:** قومی سطح کے ورچوئل لائیو اسٹریمنگ سیشن کا اہتمام کیا جائے گا، جس میں تمام اسکول (6ویں سے 12ویں جماعت) شامل ہوں گے۔
- **گلوبل اسٹریمنگ:** ایونٹ کو ملک گیر خبروں اور میڈیا چینلز پر نشر کیا جائے گا۔
- **جامع اسپاٹ لائٹ:** خواہش مند بلاکس، قبائلی علاقوں، سرحدی دیہاتوں اور دور دراز میں واقع علاقوں کے اسکولوں کو ایک خصوصی اسپاٹ لائٹ دی جائے گی۔
- **ضلع اور ریاستی سطح کے پروگرام:** اسکول اختراعی سرگرمیاں انجام دیں گے۔ ریاستوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ایک سے زیادہ اسکولوں اور معززین کو مدعو کرتے ہوئے کمیونٹی کی سطح پر اختراعی تقریبات کا اہتمام کریں۔
- **اندراجات جمع کرانا:** پروگرام کے بعد اسکول اپنی اختراعی اندراجات (آئیڈیاز یا پروٹوٹائپس) کی ویڈیوز جمع کرائیں گے۔




## حصہ لینے کا طریقہ




- **اہلیت:** اس میں شرکت ہندوستان بھر میں کلاس 6-12 کے تمام اسکولی طلباء کے لیے کھلی ہے۔ طلباء کو ایک ہی اسکول سے 3-5 اراکین کی ایک ٹیم بنانا ہوگی۔ طلباء اپنے اساتذہ کی مدد سے رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ فی اسکول ٹیموں کی تعداد پر کوئی پابندی نہیں ہے۔
- **ٹیم کی رجسٹریشن:** اسکولوں/اساتذہ کو طلباء کو ٹیمیں بنانے کی ترغیب دینی ہوگی اور پھر اپنی ٹیموں کو آفیشل بلڈاتھون پورٹل پر رجسٹر کرنا ہوگا جس کے بعد ہر ٹیم کے لیے ایک منفرد رجسٹریشن آئی ڈی تیار کی جائے گی۔ وکست بھارت بلڈاتھون کے لیے اسکولوں کا رجسٹریشن لنک یہ ہے: vbb.mic.gov.in
- **تھیم کا انتخاب:** ہر ٹیم کو بلڈ تھون کے چار تھیمز میں سے ایک کو منتخب کرنے اور کسی بھی موضوع کے بیان کی نشاندہی کرنے کی ضرورت ہوگی۔
- **غور وخوض اور تعمیر:** ٹیم کمیونٹی کے مسائل کو حل کرنے کے لیے آئیڈیا پیش کرے گی۔
- **جمع کرانے کی تیاری:** ٹیموں کو 2-5 منٹ کی ویڈیو بنانے کی ضرورت ہوگی جس میں اس مسئلے کی وضاحت کی جائے گی کہ وہ کس مسئلے کو حل کر رہا ہے، ان کے بنائے ہوئے اختراعی حل/پروٹوٹائپ- اور اس کے ممکنہ اثرات - یہ کیسے کام کرتا ہے۔
- **جمع کرانا:** پروجیکٹ کی ویڈیو/اختصاص کو 13 اکتوبر سے 31 اکتوبر 2025 تک پورٹل پر جمع کرانا ہوگا۔

## ایوارڈز

- ماہرین کا ایک پینل اندراجات کا جائزہ لے گا اور اسٹوڈنٹ کی اعلیٰ ٹیموں کو انعامات سے نوازا جائے گا۔ ان اسکولوں اور طلباء کو کارپوریٹ کی جانب سے گود لینے، رہنمائی اور وسائل کے ذریعے اپنی اختراعات کو مزید تقویت دینے کے لیے طویل مدتی مدد ملے گی۔

- ایوارڈ کی رقم ایک کروڑ روپے کی ہو گی جس میں 10 قومی سطح کے فاتحین، 100 ریاستی سطح کے فاتحین اور 1000 ضلع سطح کے فاتحین ہوں گے۔

کسی بھی معلومات کے لئے رابطہ کریں:**vbb.mic@aicte-india.org**

رجسٹریشن لنک:vbb.mic.gov.in

Click here to see PDF

*******

PIB Headquarters
Viksit Bharat Buildathon 2025
Nation-wide Event for School Level Innovators
**(Release ID: 2175769)**

ش ح۔ظا-ع ر

UR No. **7194**